# 2146 ـ كوئی چيز بنانے كا معاہدہ كرنا

**سوال**

كسی چيز كے بنانے كا معاہدہ كيا ہے؟ اور اس كا كيا حكم ہے؟ اور اس كی شروط كيا ہيں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

كسی چيز كو بنانے كا معاہدہ ـ جو كہ كام اور بعينہ چيز كے ذمہ پر لاگو ہوتا ہےـ جب اس ميں معاہدہ كے اركان اور شروط پائی جائيں تو طرفين كو لازم ہوتا ہے.

دوم:

كسی چيز كو تيار كرنے كے معاہدہ ميں مندرجہ ذيل شروط كا ہونا ضروری ہے:

ا ـ بنائی جانے والی چيز كی جنس اور اس كی قسم اور مقدار اور اس كے مطلوبہ اوصاف بيان ہوں.

ب ـ اس ميں مدت كی تحديد كی گئی ہو.

سوم:

كسی چيز كی تياری كے معاہدہ ميں مكمل رقم ادھار كرنی جائز ہے، يا پھر مدت محدودہ ميں قسطوں ميں ادائيگی كی جاسكتی ہے.

چہارم:

كسی چيز كی تياری كے معاہدہ ميں بطور سزا كوئی شرط ركھنی جائز ہے جس پر طرفين متفق ہوں جب تك اس ميں كوئی سخت حالات نہ پيش آجائيں.

واللہ تعالی اعلم.